بزرگوں کا احترام قومی ذمہ داری، حکومت سماجی و معاشی تحفظ یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہے: وزیراعظم

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بزرگوں کے عالمی دن پر پاکستان سمیت دنیا بھر کے بزرگ شہریوں کے لیے احترام اور نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بزرگوں کی زندگی بھر کی گراں قدر خدمات نے قومی زندگی کے سماجی، معاشی اور اخلاقی تشخص کی تشکیل میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ بزرگ شہری اجتماعی اور انفرادی دانش، تجربے اور اعلیٰ اقدار کے امین ہیں، جنہوں نے نسلوں کی تربیت اور رہنمائی میں اہم کردار ادا کیا۔

★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ تعمیرِ وطن کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

میر سرفراز بگٹی کا کوئٹہ کے سینئر صحافی عبدالستار کاکڑ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ کے سینئر صحافی عبدالستار کاکڑ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے مرحوم کے اہل خانہ اور لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے، انہیں جوارِ رحمت میں جگہ عطا کرے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل دے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عبدالستار کاکڑ کی صحافتی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے

جلد نمبر 28......شمارہ نمبر 01 بروز جمعرات یکم اکتوبر 2026ء 18 ربیع الثانی 1448ھ...... قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان...... ایڈیٹر: ایم ایس خان

کوئٹہ 30 لاکھ نفوس پر مشتمل صوبائی دارالحکومت ہے، جمال شاہ کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے قائمقام جنرل سیکرٹری رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ میں نے حلقے کی تعمیر و ترقی اور عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے تقریباً ایک ارب روپے سے 50 کلومیٹر بلیک (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

عوام، نوجوانوں، طلبہ اور قبائلی عمائدین کی تجاویز اور مسائل کو سنجیدگی سے لیا جائیگا، نوابزادہ جمال رئیسانی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما ایم این اے نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی سے سراوان ہاؤس کوئٹہ میں حلقہ این اے 264 سریاب کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے طلبہ، نوجوانوں، قبائلی شخصیات اور معززین کے وفود نے ملاقات (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

صوبائی مشیر مینا مجید بلوچ کا تربت کے قدیمی فٹبال اسٹیڈیم پر مبینہ قبضے کا نوٹس

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر کھیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ کا تربت کے قدیمی فٹبال اسپورٹس اسٹیڈیم پر مبینہ قبضے کی خبر کا نوٹس، فوری تحقیقات کا حکم تربت کے قدیمی اسپورٹس گراؤنڈ پر مبینہ قبضے اور لینڈ مافیا کی سرگرمیوں سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کرنے (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے تحریک انصاف کی قیادت کے ساتھ ہونے والے پس پردہ رابطوں کے حوالے سے بھی وزیراعظم شہباز شریف کو اعتماد میں لیا

وزیراعظم کی زیرصدارت اعلیٰ سطح کا مشاورتی اجلاس، خیبرپختونخوا کی صورتحال پر غور

وفاقی حکومت کا آئندہ لائحہ عمل طے کرنے سے قبل تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لینے پر بھی اتفاق، شہباز شریف معاملے پر صدر سے اہم ملاقات کریں گے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرصدارت اعلیٰ سطح کا مشاورتی اجلاس ہوا جس میں خیبرپختونخوا کی امن و امان کی صورتحال، صوبے سے متعلق آئینی و قانونی امور اور ممکنہ اقدامات پر تفصیلی غور کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں وفاقی حکومت کی جانب سے آئندہ لائحہ عمل طے کرنے سے قبل تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لینے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ اور وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے شرکت کی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے وزیراعظم کو ملک بالخصوص خیبرپختونخوا میں امن و امان کی صورتحال پر بریفنگ دی۔ ذرائع کے مطابق وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ورلڈ فوڈ پروگرام پاکستان کی سربراہ انیتا ہرش کو سوینئر پیش کر رہے ہیں

غذائی قلت کا براہ راست تعلق انسانی صحت، بچوں کی نشوونما اور مجموعی انسانی ترقی سے ہے، اس لیے اس مسئلے کے حل کے لیے طویل المدتی اور پائیدار اقدامات ناگزیر ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ورلڈ فوڈ پروگرام پاکستان کی کنٹری ڈائریکٹر انیتا ہرش کی ملاقات، غذائی قلت کے خاتمے اور غذائی تحفظ کے لیے تعاون بڑھانے پر اتفاق

غذائی قلت کے خاتمے کیلئے بلوچستان حکومت اور عالمی اداروں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

حکومت غذائی تحفظ اور انسانی ترقی کے شعبوں میں عالمی اداروں کے ساتھ تعاون کو مزید مؤثر بنائے گی تاکہ صوبے کے عوام بالخصوص بچوں اور خواتین کو بہتر غذائی سہولیات فراہم کی جاسکیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ورلڈ فوڈ پروگرام پاکستان کی کنٹری ڈائریکٹر انیتا ہرش نے ملاقات کی، جس میں بلوچستان میں غذائی قلت کے خاتمے، غذائی تحفظ، غذائیت کی بہتری اور ورلڈ فوڈ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں میں وسعت سمیت باہمی تعاون مزید بڑھانے کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں بلوچستان میں ورلڈ فوڈ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں، صوبے میں غذائی صورتحال اور مستقبل کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر غذائی (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

پیپلز پارٹی کے وفد کی اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق سے اہم ملاقات

گوادر پورٹ اتھارٹی اور لائف انشورنس نیشنلائزیشن بل سمیت آئندہ قانون سازی پر مشاورت

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے وفد نے اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق سے ملاقات کی جس میں پارٹی کے رہنما سید نوید قمر اور شیری رحمان شریک تھے، جبکہ وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری بھی ملاقات میں موجود تھے۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں پورٹ قاسم اتھارٹی بل، گوادر پورٹ اتھارٹی بل اور لائف انشورنس نیشنلائزیشن بل (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

بلوچستان کے 16 اضلاع میں TaRL پروگرام کا باقاعدہ آغاز

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ بلوچستان کے 16 منتخب اضلاع میں پرائمری اسکولوں کے بچوں میں بنیادی خواندگی اور حسابی مہارتوں کو بہتر بنانے کے لیے ٹیچنگ اینڈ رائٹ لیول (ٹی اے آر ایل) پروگرام کا باقاعدہ آغاز کردیا گیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

کے پی میں ایمرجنسی یا گورنر راج پر آج کے اجلاس میں کوئی بات نہیں ہوئی، اعظم نذیر تارڑ

پیپلز پارٹی حلیف جماعت ہے، قانون سازی سے متعلق امور پر اسے اعتماد میں لیا گیا، وزیر قانون

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کو بھی اہم معاملات پر اعتماد میں لیا گیا ہے۔ اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کی زیرصدارت ہونے والے اجلاس میں قانون سازی سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا، جبکہ پیپلز پارٹی حکومت کی حلیف (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

بلوچستان ریونیو اتھارٹی کا ٹیکس وصولی کا نظام مزید مؤثر بنانے کیلئے ڈیجیٹلائزیشن پر زور

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی رہنمائی میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) ٹیکس وصولی کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور اس کے عمل کو مزید مؤثر، شفاف اور سہل بنانے کے لیے ڈیجیٹلائزیشن کی (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

تاجر ٹیکس اسکیم میں رجسٹریشن نہ کرانے والوں کے خلاف کارروائی کا اعلان

ایف بی آر نے مزید لاکھوں ریٹیلرز کو ٹیکس نیٹ میں لانے کا ہدف مقرر کرلیا، حکام

سینیٹ اپنے اسٹاف کی تنخواہوں اور مراعات سے متعلق فیصلے خود کرنے کے طریقہ کار پر بھی غور کر رہا ہے

اسلام آباد (آن لائن) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کو بتایا گیا ہے کہ ایک فیصد فکس ٹیکس تاجر اسکیم میں رجسٹریشن نہ کرانے والے دکانداروں کے خلاف کارروائی اور جرمانے عائد کیے جائیں گے، جبکہ ایف بی آر نے مزید لاکھوں ریٹیلرز کو ٹیکس نیٹ میں لانے کا ہدف مقرر کرلیا ہے۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کا اجلاس چیئرمین سینیٹر سلیم مانڈوی (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

منگولیا، وفاقی وزیر احسن اقبال 25ویں کریک وزارتی کانفرنس کے موقع پر ایشیائی ترقیاتی بینک کے صدر ماساتو کانڈا سے ملاقات کر رہے ہیں

حکومت نے ستمبر 2024 سے اب تک 4.7 ٹریلین روپے کے قرض مینجمنٹ آپریشنز کیے ہیں، وزارت خزانہ

حکومت کا سالانہ قرضہ منصوبہ جاری، 7 ہزار 20 ارب روپے درکار

حکومت کا مقامی قرضوں پر انحصار بڑھانے کا فیصلہ، وفاقی مالی خسارے کی فنانسنگ کے لیے 7 ہزار 20 ارب روپے درکار

مالی خسارے کی ضروریات پوری کرنے کیلئے مقامی ذرائع سے 6 ہزار 46 ارب روپے جبکہ بیرونی ذرائع سے 813 ارب روپے حاصل کئے جائیں گے

اسلام آباد (آن لائن) حکومت نے مالی سال 2026-27 کے لیے سالانہ قرضہ منصوبہ جاری کردیا ہے، جس کے تحت وفاقی مالی خسارے کی فنانسنگ کے لیے 7 ہزار 20 ارب روپے درکار ہوں گے۔ وزارت خزانہ کے مطابق مالی خسارے کی ضروریات پوری کرنے کے لیے مقامی ذرائع سے 6 ہزار 46 ارب روپے جبکہ بیرونی ذرائع سے 813 ارب روپے حاصل کرنے کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق مالی سال 2026-27 میں حکومت کی مجموعی مالی ضروریات کا تخمینہ 28 ہزار 647 ارب روپے لگایا گیا ہے، جو مجموعی ملکی پیداوار (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کو ٹیچنگ ڈائریکٹر پی ایم ڈی اے گرین بس کا ماڈل پیش کر رہے ہیں

کوئٹہ، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، سیکرٹری ثقافت وسیاحت حمید اللہ ناصر و دیگر علامہ اقبال صوبائی اوپن ایوارڈ کی مناسبت سے منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

پاک چین اقتصادی راہداری دونوں ممالک کی روایتی دوستی اور ہمہ گیر اسٹریٹجک تعاون کی مضبوط علامت ہے، صدر مملکت

پاک چین تعلقات کے 75 سال، صدر زرداری کا شی جن پنگ کو خط، دوستی مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

سی پیک کے دوسرے مرحلے میں مصنوعی ذہانت، قابل تجدید توانائی اور گرین مائننگ سمیت جدید شعبوں میں تعاون بڑھانے پر زور

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاک چین سفارتی تعلقات کے قیام کی 75ویں سالگرہ کے موقع پر چینی صدر شی جن پنگ کے نام خط میں دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید گہرا کرنے کے عزم کا اعادہ کیا (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

باچا خان اسکول برشور میں توڑ پھوڑ کی مذمت، ملوث عناصر کو فوری گرفتار کرنے کا مطالبہ

اے این پی کا 2 اکتوبر کو تحصیل حرمزئی میں ورکرز کنونشن منعقد کرنے کا فیصلہ، تنظیمی شیڈول جاری

پشین (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری جنرل عبیداللہ عابد نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے سرزد ہو، یہ قابل گرفت اور قابل مذمت فعل ہے پشتونخوا وطن میں جاری قتل و غارت، بدامنی اور دہشت گردی خواہ کسی فرد، قبیلے، گروہ، فرقے یا (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

گورنر بلوچستان کا سینئر صحافی عبدالستار کاکڑ کی وفات پر اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کوئٹہ کے سینئر صحافی عبدالستار کاکڑ کی وفات پر گہرے دکھ و رنج کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں گورنر بلوچستان (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

این سی آئی اے کے انتظامی ڈھانچے میں بڑی تبدیلی کی تجویز

ایس پی اور ڈی ایس پی جبکہ چھوٹے اضلاع میں ڈی ایس پی تعیناتی کرنے کی تجویز

اسلام آباد (آن لائن) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کے انتظامی ڈھانچے میں بڑی تبدیلی کی تیاری کی جا رہی ہے، جس کے تحت ادارے کا نام تبدیل کرکے اسے "سائبر پولیس" کا نام دینے اور محکمہ پولیس کے ساتھ ہائبرڈ ماڈل پر چلانے کی تجویز سامنے (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

بلوچستان کے نوجوان اپنی صلاحیت، محنت اور عزم کے ذریعے مختلف شعبوں میں نمایاں کامیابیاں حاصل کر رہے ہیں، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بدھ کے روز پشین کے علاقے کلی ہمکزئی سے تعلق رکھنے والے میڈیکل (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

پاکستان معدنیات نکالنے کے بجائے اعلیٰ قدر کی مصنوعات میں ڈھالنے کی طرف بڑھ رہا ہے، وفاقی وزیر

پاکستان کا عالمی کاربن اخراج میں حصہ نہایت کم ہے، احسن اقبال

اے ڈی بی موسمیاتی خطرات سے متاثرہ ممالک کے لیے الگ مالیاتی سہولت قائم کرے، ایم ایل ون پر مکمل تعاون کی درخواست

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے ایشیائی ترقیاتی بینک کے صدر ماساتو کانڈا سے ملاقات کی، جس میں موسمیاتی تبدیلی، علاقائی رابطہ کاری، ایم ایل ون اور پاکستان کی برآمدات میں اضافے سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان اب صرف معدنیات نکالنے کے بجائے انہیں اعلیٰ قدر کی مصنوعات میں ڈھالنے کی جانب بڑھ رہا (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

صومالیہ میں ہائی جیک بحری جہاز کی بازیابی کے دوران 3 پاکستانی شہری جاں بحق، دفتر خارجہ

چار کریو ممبران زخمی، پاکستانی سفارتخانے کی ٹیم متاثرہ شہریوں کی معاونت کے لیے بندر بیلا روانہ

اسلام آباد (آن لائن) ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے صومالیہ کے ساحل پر ہائی جیک کیے گئے بحری جہاز ایم ٹی آنر 25 کی بازیابی کے دوران پانچ کریو ممبران کی ہلا (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

پاکستان میں 45 فیصد لوگ غربت کی لکیر سے نیچے جاچکے ہیں، میر طاہر بزنجو

ایک طرف بھوک، بے روزگاری اور بیرونی قرضے اپنے بلند ترین سطح تک پہنچ چکے ہیں

خضدار (آن لائن) نیشنل پارٹی کے سنٹرل کمیٹی کے رکن سابق سینیٹر میر طاہر بزنجو نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ آپ کے ملک میں سیاسی و معاشی بحران (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

جمہوری عمل، آئینی بالادستی اور حق رائے دہی کے خلاف اقدام قبول نہیں، جمعیت علماء اسلام

عوامی مینڈیٹ کے تحفظ کے لیے آئینی و جمہوری جدوجہد جاری رکھیں گے، مولانا عبدالواسع

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام جمہوری عمل، آئینی بالادستی اور عوام کے حق رائے دہی کے خلاف کسی بھی اقدام کو قبول نہیں کرے گی اور ہر غیر جمہوری و غیر آئینی عمل کے خلاف بھرپور مزاحمت کرے گی۔ جبر، استبداد اور غلامی کے خلاف ہمارے اسلاف کی تاریخ عزم، استقامت اور مزاحمت سے عبارت ہے، تحریک آزادی کے اسیران مالٹا کی مزاحمتی جدوجہد کا روشن باب ہیں۔ وطن عزیز پاکستان سے محبت ہمارے لیے محض سیاسی نعرہ نہیں بلکہ (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

حب کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے بی سی اہلکار کو شہید کردیا

کوئٹہ (آن لائن) حب کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے بی سی اہلکار کو شہید کردیا، نعش ہسپتال منتقل کردی گئی (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

دل کا دورہ اچانک آتا ہے، دل کی بیماری راتوں رات نہیں بنتی: پاکستانی نژاد امریکی ماہر امراض قلب

نیویارک (آن لائن) پاکستانی نژاد امریکی ماہر امراض قلب پروفیسر ڈاکٹر اعجاز احمد نے کہا ہے کہ ہارٹ اٹیک اچانک ضرور آتا ہے، تاہم دل کی بیماری راتوں رات (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

4 اکتوبر کے لانگ مارچ پر حکومت کی تیاریاں مکمل، طارق فضل چوہدری نے ایمرجنسی پر مشاورت کی تصدیق کردی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چو (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

این ایچ اے کے منصوبوں کا اعلیٰ سطحی جائزہ، لودھراں ملتان اور پنڈی بھٹیاں فیصل آباد موٹروے کے افتتاح کا اعلان

شاہراہوں کی تعمیر میں معیار اور روڈ سیفٹی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، عبدالعلیم خان

بہتر روڈ انجینئرنگ کے ذریعے شاہراہوں پر حادثات کی روک تھام اور شہریوں کی حفاظت یقینی بنائی جاسکتی ہے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کی زیرصدارت نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے مختلف جاری و مجوزہ منصوبوں کا اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ترقیاتی منصوبوں، شاہراہوں کی تعمیر، فنڈز، روڈ سیفٹی اور مستقبل کی ترجیحات سمیت مختلف امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ وفاقی سیکرٹری مواصلات اور چیئرمین این ایچ اے نے وفاقی وزیر کو جاری منصوبوں اور ادارے کی کارکردگی کے حوالے (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

اسلام آباد میں ایس سی او نیشنل کوآرڈینیٹرز اجلاس، پاکستان کی صدارت کے ایجنڈے پر غور

بیلاروس نے پاکستان، بھارتی کوآرڈینیٹر نے تجارت اور علاقائی روابط پر تعاون کی امید ظاہر کردی

اسلام آباد (آن لائن) شنگھائی تعاون تنظیم کے نیشنل کوآرڈینیٹرز کا اجلاس اسلام آباد میں جاری ہے، جو پاکستان کی جانب سے ایس سی او کونسل آف ہیڈز آف اسٹیٹ کی 2026-27 کی صدارت سنبھالنے کے بعد پہلا اجلاس ہے۔ اجلاس میں تنظیم کے آئندہ پروگرام، پاکستان کی صدارت کی ترجیحات اور باہمی تعاون سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا جارہا ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے بیلاروس کے نیشنل کوآرڈینیٹر نے کہا کہ پاکستان نے رواں سال یکم ستمبر کو ایس سی او کونسل آف ہیڈز آف اسٹیٹ کی صدارت سنبھالی ہے اور موجودہ اجلاس میں (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

کوہلو: ڈی آر سی میں میرٹ کی پامالی اور جعلی اسناد کا انکشاف

کوہلو/کوئٹہ (آن لائن) ممتاز قبائلی رہنما وڈیرہ نصیب اللہ خان سومرانی مری نے اپنے جاری کردہ ایک اخباری بیان میں کہا کہ ضلع کوہلو تحصیل اوبوی ماوند میں کانٹریکٹ ٹیچر زفیر تحری (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے کمشنر کوئٹہ ڈویژن مجیب الرحمٰن قمبرانی ملاقات کر رہے ہیں

سینئر صحافی و تجزیہ نگار حاجی عبدالستار کاکڑ عارضہ قلب بند ہونے کے باعث انتقال کرگئے

کوئٹہ (آن لائن) سینئر صحافی و تجزیہ نگار حاجی عبدالستار کاکڑ عارضہ قلب بند ہونے کے باعث انتقال کر گئے، وہ کسٹم اہلکار نثار احمد کاکڑ کے والد، حاجی عبدالغفار، حاجی عبدالجبار، حاجی عبدالمنان، حاجی عبدالجلیل، حاجی عبدالجمیل کے بھائی، حاجی بسم اللہ کاکڑ کے بھتیجے، پی آئی اے کے اہلکار محمد حنیف محمد اشرف (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس نے باقاعدہ آغاز کردیا ہے، خان محمد بڑیچ

کوئٹہ سے کچلاک تک جناح پیپلز میٹرو ٹرین کے آغاز کا خیرمقدم کرتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما حاجی خان محمد بڑیچ نے کوئٹہ سے کچلاک تک جناح پیپلز میٹرو ٹرین کے آغاز کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں کی تعداد میں لوگ مستفید ہونگے اور عوام کو آرام دہ اور پرسکون سفری سہولت میسر آئے گی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں حاجی خان محمد بڑیچ نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان کے عوام کو سفری بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے کام کر رہے ہیں انکی قیادت میں پہلے صوبائی حکومت نے کوئٹہ اور صوبے کے دیگر علاقوں میں گرین بس سروس شروع کی اور بعد ازاں کوئٹہ میں گرین بس سروس کے روٹس میں اضافہ کیا گیا اور خواتین (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

بلوچستان کی خواتین میں ٹیلنٹ اور صلاحیتوں کی کوئی کمی نہیں، نسیم الرحمن ملاخیل

پلیٹ فارم سے اپنے کاروبار کو وسعت دینے کے ساتھ ساتھ مردوں کے شانہ بشانہ کاروباری سرگرمیوں میں اپنا حصہ ڈال رہی ہے

تجارت اور کاروباری سرگرمیوں سے وابستہ ہوکر عوام کی خدمت کرکے اپنے ذریعہ معاش کو وسعت دیکر مردوں کے شانہ بشانہ کام کررہی ہے

کوئٹہ (خ ن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما مشیر ماحولیات نسیم الرحمن ملاخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان کی خواتین پیشہ تجارت اور کاروباری سرگرمیوں سے وابستہ ہوکر عوام کی خدمت کرکے اپنے ذریعہ معاش کو وسعت دیکر مردوں کے شانہ بشانہ کام کر رہی ہے اور ان کا کردار قابل تحسین ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی گورنر سردار سلیم حیدر خان سے ملاقات

ملک کی مجموعی صورتحال، امن وامان، ترقیاتی منصوبوں اور عوامی مسائل پر تفصیلی بات چیت

بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشنز کو بھی سراہا

لاہور/کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں) بلوچستان کے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے گورنر ہاؤس لاہور میں پنجاب کے گورنر سردار سلیم حیدر خان سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ملک کی مجموعی صورتحال، بشمول بین الصوبائی تعلقات، امن وامان، ترقیاتی منصوبوں اور عوامی مسائل پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پنجاب کے گورنر سردار سلیم حیدر (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

اسپیکر بلوچستان اسمبلی اور ڈپٹی کمشنر چمن کا ڈی ایچ کیو ہسپتال چمن کا دورہ

عبدالخالق اچکزئی نے ہسپتال کے مختلف وارڈز اور شعبہ جات کا معائنہ کیا وہاں زیر علاج مریضوں کی عیادت

ہسپتالوں میں عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

چمن (خ ن) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی اور ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے آج ڈی ایچ کیو ہسپتال چمن کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات، لیبارٹری، صفائی ستھرائی اور دیگر انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر محمد اویس نے اسپیکر بلوچستان اسمبلی اور ڈپٹی کمشنر چمن کو ہسپتال کے مختلف شعبہ جات (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

قرضہ منصوبہ جاری

حکومت نے مالی سال 2026-27 کے لیے سالانہ قرضہ منصوبہ جاری کر دیا ہے، جس کے تحت وفاقی مالی خسارے کی فنانسنگ کے لیے 7 ہزار 20 ارب روپے درکار ہوں گے۔ وزارت خزانہ کے مطابق مالی خسارے کی ضروریات پوری کرنے کے لیے مقامی ذرائع سے 6 ہزار 46 ارب روپے جبکہ بیرونی ذرائع سے 813 ارب روپے حاصل کرنے کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق مالی سال 2026-27 میں حکومت کی مجموعی مالی ضروریات کا تخمینہ 28 ہزار 647 ارب روپے لگایا گیا ہے، جو مجموعی ملکی پیداوار (جی ڈی پی) کے تقریباً 20 فیصد کے برابر بنتی ہیں۔ منصوبے کے مطابق مالی سال کے دوران ملکی قرض کی اصل ادائیگیوں کے لیے 17 ہزار 96 ارب روپے جبکہ بیرونی قرضوں کی ادائیگیوں کے لیے 4 ہزار 531 ارب روپے درکار ہوں گے۔ حکومت نے قرضوں کے حصول میں طویل مدتی اور فلکسڈ ریٹ سیکیورٹیز پر توجہ مرکوز کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز کی خالص نئی فنانسنگ 4 ہزار 580 ارب روپے رکھنے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے، جبکہ قلیل مدتی قرضوں کے اجرا کو محدود رکھنے کی حکمت عملی اپنائی جائے گی۔ حکومت مالی سال 2026-27 میں 6 ہزار 600 ارب روپے کے سکوک جاری کرنے کا ہدف بھی رکھتی ہے، جبکہ 20 سالہ فلکسڈ کوپن بانڈ متعارف کرانے کا منصوبہ بھی شامل ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق ٹی بلز کی مد میں خالص قرض منفی 2 ہزار 592 ارب روپے رکھنے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ حکومت کا کہنا ہے کہ طویل مدتی سیکیورٹیز پر زیادہ انحصار کا مقصد قرضوں کی ری فنانسنگ کے خطرے کو کم کرنا ہے۔ وزارت خزانہ کے اعداد و شمار کے مطابق جون 2026 تک پاکستان کا مجموعی سرکاری قرض 86.7 ٹریلین روپے ریکارڈ ہوا۔ اس میں ملکی قرض 59.4 ٹریلین جبکہ بیرونی قرض 27.3 ٹریلین روپے رہا۔ حکومت نے ستمبر 2024 سے اب تک 4.7 ٹریلین روپے کے قرض مینجمنٹ آپریشنز کیے ہیں

بقیہ 01

نے خیبر پختونخوا سے متعلق آئینی و قانونی امور اور دستیاب قانونی راستوں پر اجلاس کو آگاہ کیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیر داخلہ نے تحریک انصاف کی قیادت کے ساتھ ہونے والے پس پردہ رابطوں کے حوالے سے بھی وزیراعظم کو اعتماد میں لیا۔ اجلاس میں صوبے کی صورتحال کو قابو کرنے کے لیے مختلف آئینی اور قانونی آپشنز پر غور کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے خیبر پختونخوا سے متعلق کسی بھی اہم فیصلے سے قبل تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعظم اس معاملے پر صدر مملکت سے بھی ملاقات کریں گے۔ اجلاس میں خیبر پختونخوا کی صورتحال کا مختلف پہلوؤں سے جائزہ لیا گیا اور آئندہ کے اقدامات کے حوالے سے مشاورت جاری رکھنے پر بھی غور کیا گیا

بقیہ 02

والی خبروں کا صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے نوٹس لیتے ہوئے سیکرٹری کھیل و امور نوجوانان درا بلوچ کو معاملے کی فوری اور مکمل تحقیقات کی ہدایت کی ہے۔ صوبائی مشیر محترمہ مینا مجید بلوچ نے سیکرٹری کھیل کو ہدایت کی کہ وہ ریونیو ڈیپارٹمنٹ کے متعلقہ افسران کے ساتھ مل کر زمین کی اصل حیثیت، ملکیت اور مبینہ قبضے سے متعلق حقائق سامنے لائیں۔ محترمہ مینا مجید بلوچ نے واضح کیا کہ کھیل کے میدان نوجوانوں کے حق اور عوامی اثاثہ ہیں انہیں کسی بھی صورت میں قبضہ مافیا کے حوالے نہیں ہونے دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت صوبے میں مزید کھیلوں کے میدان اور سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے ایسے میں موجودہ اور قدیمی اسپورٹس گراؤنڈز پر مبینہ قبضے کسی صورت قابل قبول نہیں

بقیہ 03

کی۔ مختلف وفود نے اپنے علاقوں کی صورتحال، عوام کو درپیش مسائل اور نوجوانوں وطلبہ سے متعلق امور پر نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی سے گفتگو کی۔ اس موقع پر حلقے میں عوامی رابطے، بنیادی سہولیات اور علاقائی ضروریات سمیت مختلف معاملات بھی زیر بحث آئے۔ نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حلقہ این اے 264 سریاب کے عوام سے براہ راست رابطہ ان کے لیے ہمیشہ اہم رہا ہے۔ عوام، نوجوانوں، طلبہ اور قبائلی عمائدین کی تجاویز اور مسائل کو سنجیدگی سے لیا جائے گا اور متعلقہ سطح پر ان کے حل کے لیے آواز اٹھائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سریاب کے عوام کے ساتھ رابطے اور خدمت کا یہ سلسلہ آئندہ بھی اسی جذبے کے ساتھ جاری رکھا جائے گا۔ دریں اثناء نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی سے ایک معذور نوجوان نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران نوجوان نے اپنی ضرورت کے حوالے سے نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی سے وہیل چیئر فراہم کرنے کی درخواست کی۔ نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے نوجوان کی درخواست پر فوری اقدام کرتے ہوئے اسی وقت وہیل چیئر فراہم کر دی۔ وہیل چیئر ملنے پر نوجوان نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی کا شکریہ ادا کیا۔ نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے کہا کہ معاشرے کے خصوصی افراد کی ضروریات کا خیال رکھنا ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے اور دستیاب وسائل کے مطابق ان کی معاونت جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 04

ٹاپ روڈ 20 ہزار میٹر سیوریج سسٹم، 5 واٹر سپلائی اسکیموں کے علاوہ کوئٹہ میں گیس پریشر میں کمی کو دور کرنے کے لئے تقریباً 10 کروڑ روپے مالیت کی گیس پائپ لائن کی منصوبہ مکمل کرایا ہے اور کوئٹہ کی حالت زار کو بہتر بنانے کے لئے 5 ارب روپے کا ترقیاتی پیکج وزیراعظم سے مطالبہ کیا ہے جس کی انہوں نے یقین دہانی کرائی ہے "آن لائن" سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ جو کہ 30 لاکھ نفوس پر مشتمل صوبائی دارالحکومت ہے میں نے انتخاب میں حصہ لیتے وقت اپنی انتخابی مہم کے دوران شہریوں کی جانب سے گلیوں کی پختگی، سیوریج سسٹم کی بہتری، گیس بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے خاتمے، پانی کی فراہمی اور تعلیمی اداروں کی بہتری کیلئے انہوں نے جو مطالبے کئے تھے ان میں سے تقریباً 50 فیصد پر عملدرآمد کرتے ہوئے حل کرائے ہیں اور میں نے ایوان میں پہنچنے کے بعد

گزشتہ 2 بجٹ کے دوران اپنے حلقے کے لوگوں کی مشکلات کو دور کرنے کے لئے تقریباً 50 کلومیٹر بلیک ٹاپ روڈ کی تعمیر ریلوے کالونی، ارباب کرم خان روڈ، بروہ، گولی مار چوک، سیٹلائٹ کے علاقے گول مسجد، پشتون آباد عثمان قلعہ، غازی اسلم ٹاؤن سمیت دیگر علاقوں میں کام کروانے کے علاوہ حلقے میں 20 ہزار میٹر سیوریج کی لائنوں کی بحالی کے علاوہ 5 واٹر سپلائی اسکیمیں مکمل کرنے کے ساتھ ساتھ 2 ہزار سے زائد اسٹریٹ لائٹس لگوائی ہیں اور مختلف علاقوں میں ٹف ٹائل، فٹ پاتھ کی تعمیر کے علاوہ واٹر سپلائی اسکیموں کو سولر پر منتقل کیا گیا عوام کے مسائل کے حل کیلئے وزیراعظم سے کوئٹہ کیلئے پانچ ارب روپے کا ترقیاتی پیکج کا مطالبہ کیا ہے جس کی فراہمی کا انہوں نے وعدہ کیا ہے اس کوئٹہ ترقیاتی پیکج کوئٹہ میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے خاتمے کے لئے پرانے گرڈ اسٹیشن اپ گریڈیشن، تعلیمی اداروں میں واش رومز اور کمروں کی تعمیر کے علاوہ ان کی تعمیر و مرمت یقینی بنائی جائے گی انہوں نے کہا کہ جناح ٹاؤن اور جیل روڈ کے علاقے میں گیس کی لوڈ شیڈنگ اور پریشر کے مسئلے کے حل کیلئے تقریباً 10 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی پائپ لائن کی بچھائی مکمل ہوئی ہے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ لوگوں کو روز مرہ میں درپیش مسائل سے چھٹکارا دلانے کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاؤں اور اٹھارویں ترمیم کے بعد امن کی بحالی صوبوں کے ذمے ہیں اور میں پرامید ہوں کہ حکومت اور سیکورٹی فورسز جس جانفشانی سے کام کر رہے ہیں بہت جلد امن کی بحالی ممکن بنادی جائے گی۔

بقیہ 05

قلت سے نمٹنے، بچوں اور خواتین کو معیاری غذائیت کی فراہمی اور غذائی تحفظ کے لیے مشترکہ اقدامات کو مزید مؤثر بنانے پر بھی بات چیت ہوئی۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں غذائی قلت ایک سنگین مسئلہ ہے، جس کے تدارک کے لیے حکومت، عالمی اداروں اور متعلقہ شراکت داروں کے درمیان مربوط اور مشترکہ اقدامات ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان غذائی قلت کے خاتمے اور غذائی تحفظ کو بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے اور اس ضمن میں عالمی اداروں کے تعاون کو اہمیت دیتی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بچوں اور خواتین کو مناسب اور معیاری غذائیت کی فراہمی صحت مند اور توانا معاشرے کی تشکیل کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ غذائی قلت کا براہ راست تعلق انسانی صحت، بچوں کی نشوونما اور مجموعی انسانی ترقی سے ہے، اس لیے اس مسئلے کے حل کے لیے طویل المدتی اور پائیدار اقدامات ناگزیر ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان اور ورلڈ فوڈ پروگرام کے مشترکہ اقدامات صوبے میں غذائی قلت کے خاتمے اور غذائی تحفظ کے فروغ کے لیے نتیجہ خیز ثابت ہوں گے۔ انہوں نے ورلڈ فوڈ پروگرام کے جاری منصوبوں کے لیے صوبائی حکومت کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت باہمی تعاون کے دائرہ کار کو مزید وسعت دینے کے لیے تیار ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان غذائی تحفظ اور انسانی ترقی کے شعبوں میں عالمی اداروں کے ساتھ تعاون کو مزید مؤثر بنائے گی تاکہ صوبے کے عوام بالخصوص بچوں اور خواتین کو بہتر غذائی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ ملاقات میں ورلڈ فوڈ پروگرام کی جانب سے بلوچستان میں جاری اقدامات اور مستقبل کے روگرامز کے حوالے سے بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

بقیہ 06

جماعت ہے اور اسے اعتماد میں لیا گیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ آج کے اجلاس میں خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی یا گورنر راج کے نفاذ کے حوالے سے کوئی بات نہیں ہوئی۔ وزیر قانون نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی سے متعلق ان کا موقف وہی ہے جو پہلے تھا۔ ان کے مطابق اس معاملے پر حتمی فیصلہ صدر مملکت اور وزیراعظم کریں گے، جبکہ اس کے لیے تمام آئینی اور قانونی تقاضوں کو مدنظر رکھا جائے گا۔ اعظم نذیر تارڑ نے بانی پی ٹی آئی سمیت کسی بھی شخص کی رہائی کے معاملے پر کہا کہ رہائی کا حکم حکومت نے نہیں بلکہ عدالت نے دینا ہے۔ رہائی کی اپیلوں پر فریقین عدالت کے سامنے اپنا اپنا موقف پیش کریں گے۔ انہوں نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے حالات میں فرق بیان کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت وفاق کے

بقیہ 01

کردار ادا کرتا رہے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سبکدوش ہونے والے چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) قائم لاشاری کے اعزاز میں الوداعی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں قائمقام سی ای او عبدالمنان، بورڈ کے افسران و اہلکاروں اور دیگر اسٹاف نے شرکت کی۔ بلال خان کاکڑ نے قائم لاشاری کی بورڈ کے لیے خدمات کو سراہا اور کہا کہ انہوں نے سرمایہ کاری کے فروغ اور ادارے کے امور کو آگے بڑھانے کے لیے اہم کردار ادا کیا۔ بلال خان کاکڑ نے کہا کہ ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاری صوبے کی معیشت کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ مقامی سطح پر روزگار کے مواقع پیدا کرنے، کاروباری سرگرمیوں میں اضافے اور مختلف شعبوں میں ترقی کی رفتار تیز کرنے کا ذریعہ بن سکتی ہے۔ اس مقصد کے لیے سرمایہ کاروں کے ساتھ موثر رابطہ اور ان کے مسائل کے حل پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائم لاشاری کی پیشہ ورانہ خدمات اور تجربہ ادارے کے لیے قابل قدر رہے ہیں جبکہ ان کی محنت اور کاوشوں کو یاد رکھا جائے گا۔ اس موقع پر قائم لاشاری نے بھی تقریب سے خطاب کیا۔ انہوں نے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے افسران اور عملے کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اپنے دورِ ذمہ داری کے دوران انہیں ادارے کے افسران اور ملازمین کا بھرپور تعاون حاصل رہا۔ انہوں نے کہا کہ ادارے کی ترقی اور اہداف کے حصول کے لیے ٹیم ورک بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔

بقیہ 02

میں عالمی معیار کی تربیت فراہم کی جا رہی ہے۔ تربیت کی مکمل فراہمی کے بعد ان تمام نوجوانوں کو نامور سافٹ ویئر ہاؤسز میں باقاعدہ روزگار (جابز) فراہم کیا جائے گا تاکہ وہ صوبے کی معاشی ترقی میں اپنا فعال کردار ادا کر سکیں۔ کراچی دورے کے دوران ایم ڈی بی ٹیوٹا عبدالکبیر خان زرکون اور دیگر افسران نے تربیتی مراکز، رہائشی سہولیات اور کلاس رومز کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے خصوصی پیغام کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی تمام تر ترجیح صوبے کے نوجوانوں کو بہترین اور معیار زندگی کے مطابق تمام ممکنہ سہولیات فراہم کرنا ہے۔ عبدالکبیر خان زرکون نے دورے کے دوران زیر تربیت نوجوانوں سے براہ راست ملاقات کی، ان سے مسائل دریافت کیے اور جائے وقوعہ پر ہی ان کے فوری حل کا حکم جاری کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو نکھارنا اور انہیں خود کفیل بنانا موجودہ صوبائی حکومت کا اولین منشور ہے۔ علاوہ ازیں، بی ٹیوٹا کے اس دورے کا ایک اہم مقصد کراچی کی متعدد دیگر آئی ٹی کمپنیوں اور متعلقہ اداروں کے ساتھ مستقبل کی شراکت داری کی راہیں ہموار کرنا بھی ہے۔ دورے میں مزید ایسے مواقع تلاش کیے جا رہے ہیں جن کے ذریعے

کوشش ہمدردی نہیں بلکہ برابری کے مواقع، اعتماد، تعلیم، تربیت، کھیلوں کی سہولیات اور عملی میدان میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ محکمہ سوشل ویلفیئر بلوچستان خصوصی افراد کی فلاح و بہبود، ان کے حقوق کے تحفظ اور انہیں معاشرے کا فعال اور بااختیار حصہ بنانے کے لیے مختلف اقدامات کر رہا ہے۔ ڈی جی سوشل ویلفیئر نے کہا کہ کھیل خصوصی بچوں کی جسمانی صحت کے ساتھ ساتھ ان میں خود اعتمادی، نظم و ضبط، ٹیم ورک اور قائدانہ صلاحیتوں کو فروغ دینے کا بہترین ذریعہ ہیں۔ محکمہ سوشل ویلفیئر بلوچستان خصوصی بچوں اور افراد کی کھیلوں سمیت مختلف شعبوں میں صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور انہیں مزید مواقع فراہم کرنے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ آج ان بچوں کی کامیابی صرف چند میڈلز یا ٹرافیوں تک محدود نہیں بلکہ یہ پورے معاشرے کے لیے ایک مثبت پیغام ہے کہ صلاحیت کسی جسمانی رکاوٹ کی محتاج نہیں ہوتی۔ اگر خصوصی بچوں کو سازگار ماحول، رہنمائی اور ضروری سہولیات میسر ہوں تو وہ زندگی کے ہر شعبے میں نمایاں مقام حاصل کر سکتے ہیں۔ میر سیف اللہ خان کھیتران نے خصوصی بچوں کے والدین، اساتذہ، کوچز اور منتظمین کو بھی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی خدمات کو سراہا اور کہا کہ بچوں کی کامیابی کے پیچھے والدین اور اساتذہ کی مسلسل محنت، تربیت اور حوصلہ افزائی کا بنیادی کردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ان باہمت چیمپئنز کو سلام ہے جنہوں نے کھیل کے میدان میں اپنی محنت اور صلاحیت سے صوبے کا پرچم بلند کیا۔ آپ کی کامیابی صرف آپ کی اپنی کامیابی نہیں بلکہ بلوچستان کے ہر شہری کے لیے باعث فخر ہے۔ ڈائریکٹر جنرل نے کامیاب کھلاڑیوں کو یقین دلایا کہ محکمہ سوشل ویلفیئر بلوچستان ان کی سرپرستی اور حوصلہ افزائی کا سلسلہ جاری رکھے گا اور خصوصی افراد کی صلاحیتوں کو مزید اجاگر کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 06

تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز سریاب روڈ پر حادثے کے دوران ایک نامعلوم شخص ہلاک ہو گیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی۔ جس کو ضروری کارروائی کے بعد شناخت کے لئے مردہ خانے میں رکھ دیا گیا۔

بقیہ 07

منعقدہ یوتھ اسپورٹس پالیسی کے سیمینار میں شرکت کی۔ سیمینار میں مختلف کھیلوں کی ایسوسی ایشنز کے نمائندوں، کھلاڑیوں، نوجوانوں اور دیگر متعلقہ شعبوں سے تعلق رکھنے والے شرکا نے شرکت کی۔ اس موقع پر شرکا نے کھیلوں کے فروغ، نوجوانوں کے لیے مواقع، اسپورٹس انفراسٹرکچر اور پالیسی سے متعلق مختلف تجاویز اور سوالات پیش کیے۔ صوبائی مشیر محترمہ مینا مجید بلوچ نے شرکا کے سوالات کے جوابات دیے، ان سے براہ راست گفتگو کی اور کھیلوں کے شعبے سے متعلق ان کی

میر محمد صادق عمرانی کا وفاقی وزیر ریلوے سے جیکب آباد لاڑکانہ براستہ اوستہ محمد ریلوے ٹرین کی بحالی کا خصوصی مطالبہ

صوبائی وزیر صادق عمرانی کی وفاقی وزیر محمد حنیف عباسی سے ملاقات

یہ ٹریک تقریباً 136 کلومیٹر طویل ہے 2005 میں بند کر دیا گیا تھا جس کے بعد اس علاقے کے لاکھوں عوام سفری سہولت سے محروم ہیں

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی کمیٹی رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی سے یہاں کوئٹہ میں اہم ملاقات کی ہے، ملاقات کے دوران ملکی سیاسی صورتحال، باہمی دلچسپی کے مختلف امور اور بلوچستان میں ریلوے کے نظام کی بہتری پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی نے وفاقی (باقی صفحہ 3 نمبر33)

تقریب میں قائمقام سی ای او عبدالمنان، بورڈ کے افسران واہلکاروں اور دیگر اسٹاف نے شرکت کی

بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، بلال کاکڑ

مقصد کے لیے سرمایہ کاروں کے ساتھ موثر رابطہ اور ان کے مسائل کے حل پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں اور صوبے میں ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لیے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کا کردار اہم ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ ادارہ مستقبل میں بھی سرمایہ کاروں کو سہولیات فراہم کرنے اور صوبے میں کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے موثر (باقی صفحہ 3 نمبر1)

کمشنر کوئٹہ ڈویژن زیشان لاشاری کی زیر صدارت اجلاس

اجلاس میں گرین بس سروس کو ڈیجیٹائز اور عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی جائزہ

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن زیشان لاشاری کی زیر صدارت گرین بس سروس کو ڈیجیٹائز اور عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں شہریوں کو بہتر، آسان اور جدید سفری سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ گرین بس سروس کو جدید خطوط پر استوار کرتے ہوئے ڈیجیٹل نظام سے ہم آہنگ کرنے کے امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری ٹرانسپورٹ، ایم ڈی پی ایم ٹی اے، ڈائریکٹر جنرل پی ٹی سی پی، سی ای او پی پی پی، سیکرٹری آر ٹی اے کوئٹہ، اسسٹنٹ کمشنر سٹی کوئٹہ، سی سی او ٹی ایس پی ایل اور چیف آپریٹنگ (باقی صفحہ 3 نمبر32)

طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی کیلئے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے جائیں گے، عبدالوہاب

اورماڑہ (خ ن) ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن میل گوادر عبدالوہاب مجید نے کہا ہے کہ تعلیمی اداروں میں معیاری تعلیم کی فراہمی، اساتذہ کی حاضری اور طلبہ کے تعلیمی نتائج میں بہتری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، غیر حاضر اور فرائض میں غفلت کے مرتکب اساتذہ کے خلاف قواعد (باقی صفحہ 3 نمبر31)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی زیر صدارت کارپوریٹ سماجی ذمہ داری کمیٹی کا اجلاس

جاری منصوبوں کو بروقت مکمل کیا جائے اور عوامی فلاح و بہبود کو ترجیح دی جائے

متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ CSR کے تحت جاری منصوبوں کو بروقت مکمل کیا جائے

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت کارپوریٹ سماجی ذمہ داری (CSR) کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا [illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر4)

خصوصی بچے کسی بھی معاشرے پر بوجھ نہیں، ڈی جی سوشل ویلفیئر

ہماری طاقت، صلاحیت اور قومی اثاثہ ہیں، میر سیف اللہ کھیتران خطاب

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر بلوچستان میر سیف اللہ خان کھیتران نے کہا ہے کہ خصوصی بچے کسی بھی معاشرے پر بوجھ نہیں [illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر5)

ملکی بحرانوں کا حل اسلامی نظام کے نفاذ میں ہے، جمعیت نظریاتی

اسلامی نظام انسانیت کی اجتماعیت کی اساس ہے موجودہ استحصالی نظام نے قوم کو بنیادی حقوق سے محروم کر دیا

ملک وقوم موجودہ کرپٹ نظام کی تباہ کاریوں سے پریشان ہو کر اسلامی نظام کی تلاش میں ہے، مولانا عبدالقادر لونی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی ڈپٹی سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الحدی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمن تکیال صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناءاللہ (باقی صفحہ 3 نمبر30)

ایم ڈی بی ٹیوٹا کا اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ کراچی کا دورہ

صوبے کے نوجوانوں کیلئے کیے گئے تمام انتظامات کا تفصیلی جائزہ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت پر مینجنگ ڈائریکٹر بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (بی ٹیوٹا) عبدالکبیر خان زرکون نے اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ کراچی کا اہم دورہ کیا، جہاں انہوں نے 'وزیر اعلیٰ بلوچستان یوتھ ایمپلائمنٹ پروگرام' کے تحت زیر تربیت صوبے کے نوجوانوں کے لیے کیے گئے تمام انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس انقلابی پروگرام کے تحت بلوچستان کے ایک ہزار (1000) ہونہار نوجوانوں کو کراچی کے معروف ادارے کیوٹیک (QTech) کے ذریعے جدید آئی ٹی اور تکنیکی شعبوں (باقی صفحہ 3 نمبر2)

نوکنڈی یوتھ کا ریکوڈک منصوبے میں مقامی نوجوانوں کے روزگار اور بھرتیوں کے عمل پر شدید تشویش کا اظہار

نوکنڈی (آن لائن) نوکنڈی یوتھ کے ہنگامی اجلاس میں ریکوڈک منصوبے میں مقامی نوجوانوں کے روزگار اور بھرتیوں کے عمل پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس میں نوجوانوں نے موقف اختیار کیا کہ ایک مخصوص لابی مسلسل مقامی نوجوانوں کے روزگار کے راستے میں رکاوٹ (باقی صفحہ 3 نمبر3)

کارکن پیپلز پارٹی کا اثاثہ ہیں انہیں کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے، امیر حمزہ زہری

چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے وژن کے مطابق عوامی خدمت اور صوبے کی ترقی کیلئے اقدامات کر رہے ہیں

پاکستان پیپلز پارٹی کے وزرا اور مشیران کے دروازے کارکنوں کیلئے ہر وقت کھلے ہیں، صوبائی مشیر بلدیات کی گفتگو

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے وزیراعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن سید اقبال شاہ کی قیادت میں پارٹی کارکنوں پر مشتمل وفد نے جھالاوان ہاؤس میں صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے ملاقات کی۔ ملاقات میں سیاسی و علاقائی امور سمیت محکمہ بلدیات کے زیر انتظام جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا (باقی صفحہ 3 نمبر34)

لورالائی: ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع ڈسٹرکٹ انٹیلی جنس کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کی کا جاری ترقیاتی کام کا تفصیلی معائنہ

مکمل کرنے کے ساتھ ساتھ کام کی رفتار میں بھی بہتری لائی جائے

[illegible] (BSDI) [illegible] ترقیاتی کام کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں [illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر35)

سریاب کے علاقے میں حادثے کے دوران ایک نامعلوم شخص ہلاک

کوئٹہ (آن لائن) سریاب کے علاقے میں حادثے [illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر6)

صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ کی یوتھ سپورٹس فیسٹیول میں شرکت

[illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر7)

اسسٹنٹ کمشنر رکنی کا انے الیکشن روڈ کے ہمراہ رکنی بازار کا دورہ

بازار میں قائم تجاوزات اور دکانوں کے سامنے بنائے گئے غیر ضروری شیڈز کا جائزہ لیا

[illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر36)

ٹیکس کی عدم ادائیگی میں ملوث افراد اور سروس پرووائیڈرز کے خلاف کارروائی کا آغاز کر دیا

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) [illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر8)

ڈپٹی کمشنر استا محمد اور اے سی کا پٹرول پمپ کا دورہ

پاس ورڈ حاصل کر کے عوام کو وزیراعظم پٹرول ریلیف فراہم کیا جائے گا

[illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر37)

تکنیکی عملے کی بھرتی کا عمل شروع کیا جا چکا ہے، میر سلیم کھوسہ

ڈیزائن ونگ کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات کے ڈیزائن ونگ کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے کیونکہ ڈیزائن ونگ محکمہ میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے انہوں نے کہا کہ جدید مشینری آلات اور تکنیکی عملے کی فراہمی سے نہ صرف محکمہ کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئے گی بلکہ ترقیاتی منصوبوں کی تیاری اور تکمیل کا عمل بھی مزید تیز اور موثر ہو جائے گا ان خیالات کا اظہار (باقی صفحہ 3 نمبر28)

خالد خان کی زیر صدارت سرکاری واجبات کی وصولی کے حوالے سے اہم اجلاس

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی زیر صدارت سرکاری واجبات کی وصولی کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ مال کے افسران اور متعلقہ محکمے نے شر (باقی صفحہ 3 نمبر27)

ڈپٹی کمشنر جعفرآباد کی زیر صدارت ای پی آئی کا ماہانہ اجلاس

بچوں کو بروقت حفاظتی ٹیکے لگا کر انہیں مختلف بیماریوں سے محفوظ بنایا جا سکے

تاکہ بچوں کو بروقت حفاظتی ٹیکے لگا کر انہیں مختلف بیماریوں سے محفوظ بنایا جا سکے

نصیرآباد (خ ن) جعفرآباد ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی زیر صدارت ای پی آئی (توسیعی پروگرام برائے حفاظتی ٹیکہ جات) کا ماہانہ جائزہ اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں محکمہ صحت کے افسران نے شرکت کی اور ڈپٹی کمشنر کو ضلع جعفرآباد میں بچوں کو مختلف وبائی و متعدی امراض سے محفوظ رکھنے کے لیے جاری ویکسینیشن پروگرام، حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج اور بچوں کو ویکسین کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خالد خان نے کہا کہ بچوں کو مختلف خطرناک اور متعدی بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے حفاظتی ٹیکہ جات (باقی صفحہ 3 نمبر9)

ایف پی آر اور پی آر اے کے ناجائز ٹیکسز کے خلاف پی ایم اے بلوچستان کے زیر اہتمام احتجاجی جلسہ وریلی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن اور بلوچستان پی ایم ٹی اے کے زیر اہتمام ایف پی آر اور پی آر اے کی جانب (باقی صفحہ 3 نمبر26)

پاکستان میں 2026 کے دوران گندھارا کانفرنس کے انعقاد پر وفاق اور صوبوں کا اصولی اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) وزیر قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی کی زیر صدارت گندھارا کانفرنس کے انعقاد کے حوالے سے اہم اجلاس ہوا، جس میں وفاقی اور صوبائی نمائندگان نے کانفرنس کے انتظامات کے لیے مربوط مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ اجلاس میں پاکستان میں 2026 کے دوران گندھارا کانفرنس کے انعقاد پر وفاق اور صوبوں کے درمیان اصولی اتفاق کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ گندھارا کانفرنس وزیراعظم کی ہدایات پر منعقد کی (باقی صفحہ 3 نمبر29)

کوئٹہ، سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان ڈیپارٹمنٹ سب کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سکولوں میں پانی، واش رومز، بجلی، چار دیواری اور دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں

چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنرز کانفرنس

ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی کا بنیادی مقصد عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی اور حکومتی اقدامات کے ثمرات نچلی سطح تک پہنچانا ہے

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنرز کانفرنس کا انعقاد ہوا، جس میں صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی، عوامی شکایات کے ازالے، پرائس کنٹرول، زرعی انکم ٹیکس، صفائی مہم، تعلیمی سہولیات اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کانفرنس میں محکمہ مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن کی جانب سے جاری ترقیاتی منصوبوں کی (باقی صفحہ 3 نمبر25)

چیئرمین بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کا ٹراما سینٹر کا دورہ

مسلسل پاسداری کو یقینی بنانے کے لیے مزید کوششوں کی ضرورت دیا

کوئٹہ (خ ن) چیئرمین بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن (BHCC) جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالحمید بلوچ، چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر نور محمد قاضی اور کمیشن کے اعلیٰ حکام کی ٹیم کے ہمراہ بدھ کو کوئٹہ کے چمن روڈ پر واقع شہید محترمہ بے نظیر بھٹو ٹراما اینڈ ایمرجنسی سینٹر کا ریگولیٹری معائنہ کیا۔ یہ معائنہ کمیشن کے اس ریگولیٹری اختیار کے تحت کیا گیا جس کا مقصد BHCC کے ضوابط میں بیان کردہ قابل اطلاق دفعات، معیارات اور تقاضوں کے مطابق رجسٹریشن کے لیے ٹراما سینٹر کی صورتحال کی عملی تصدیق کرنا تھا۔ جائزے کے دوران، BHCC کے وفد نے ٹراما سینٹر (باقی صفحہ 3 نمبر23)

ڈپٹی کمشنر نصیرآباد کی زیر صدارت حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام کے حوالے سے ماہانہ جائزہ اجلاس

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد ورید رحمٰن کی زیر صدارت حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام (EPI) کے حوالے سے ماہانہ جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ صحت کے افسران، ای پی آئی پارٹنرز اور ویکسینیٹرز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع نصیرآباد میں بچوں کو (باقی صفحہ 3 نمبر21)

سعید الرحمٰن کاکڑ کا بارکھان کے مختلف سرکاری دفاتر کا اچانک دورہ

عوام کو موثر و بروقت خدمات کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، گفتگو

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ نے آج ضلع بارکھان کے مختلف سرکاری دفاتر کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے ایریگیشن آفس، بی اینڈ آر روڈ آفس، بی اینڈ آر بلڈنگ آفس، محکمہ تعلیم میل وفیمیل اور پی ایچ ای آفس کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف دفاتر میں افسران و اہلکاروں کی حاضری، دفتری نظم وضبط اور سرکاری امور کی انجام دہی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر متعدد دفاتر میں متعلقہ عملہ ڈیوٹی سے غیر حاضر پایا گیا، جس پر ڈپٹی کمشنر نے سخت برہمی کا اظہار کیا اور متعلقہ افسران سے غیر حاضری کے بارے (باقی صفحہ 3 نمبر20)

محکمہ داخلہ بلوچستان اور برٹش ہائی کمیشن اسلام آباد کے تعاون سے پالیسی ڈائیلاگ کا انعقاد

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان میں انسداد دہشت گردی اور پرتشدد انتہا پسندی کی روک تھام، موثر قانون سازی اور ادارہ جاتی رابطہ کاری کے حوالے سے محکمہ داخلہ بلوچستان اور برٹش ہائی کمیشن اسلام آباد کے تعاون سے پالیسی ڈائیلاگ کا انعقاد کیا گیا۔ صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان (باقی صفحہ 3 نمبر24)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ کی قیادت میں اراکین صوبائی اسمبلی ملاقات کر رہی ہیں

بارکھان میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ میں کمی کا فیصلہ، فراہمی کے دورانیے میں دو گھنٹے کا اضافہ

ڈپٹی کمشنر بارکھان کی زیر صدارت اجلاس، غیر قانونی کنکشنز کے خاتمے اور نئے میٹر لگانے کی ہدایت

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی زیر صدارت بارکھان میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کے مسئلے کے حل کے لیے آل پارٹیز رہنماؤں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں واپڈا لورالائی سرکل کے ایکسین اور متعلقہ افسران نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں بارکھان میں جاری طویل لوڈشیڈنگ، بجلی کی فراہمی اور غیر قانونی کنکشنز کے حوالے سے تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بارکھان میں بجلی کی فراہمی کے دورانیے میں مزید دو گھنٹے اضافہ کیا جائے گا، جس سے لوڈشیڈنگ کے دورانیے میں کمی آئے گی۔

نئے تعینات اسسٹنٹ کمشنر حبیب الرحمٰن کاکڑ کے اعزاز میں ڈپٹی کمشنر زیارت کی ٹی پارٹی کا انعقاد

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی کی جانب سے نئے تعینات ہونے والے اسسٹنٹ کمشنر حبیب الرحمٰن کاکڑ کے اعزاز میں ڈپٹی کمشنر آفس زیارت میں ایک پروقار ٹی پارٹی کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی، ڈسٹرکٹ پولیس (باقی صفحہ 3 نمبر22)

ملاوٹی دودھ اور دہی کی فروخت روک تھام کیلئے بی اے ایف کی کارروائیاں جاری

ہینڈلنگ، لائسنسنگ اور ملاوٹ سے متعلق فوڈ سیفٹی قوانین پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے

کوئٹہ (خ ن) ملاوٹی دودھ اور دہی کی فروخت روک تھام کیلئے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے کارروائیاں مزید تیز کر دی گئی ہیں۔ کوئٹہ کے مشرقی بائی پاس اور جنگ اسٹاپ پر بی ایف اے فوڈ سیفٹی ٹیمز نے ضلعی انتظامیہ کے ہمراہ اچانک انسپکشن کرتے ہوئے متعدد ڈیری فارمز اور ملک شاپس کی جانچ پڑتال کی۔ کارروائی کے دوران دودھ اور دہی میں ملاوٹ سمیت متعدد فوڈ سیفٹی خلاف ورزیاں سامنے آنے پر 4 یونٹس کو جرمانے، ایک ملک (باقی صفحہ 3 نمبر19)

اوستہ محمد میں دو دکانوں پر ڈکیتی، تاجر برادری کی مذمت فوری برآمدگی کا مطالبہ

اوستہ محمد (آن لائن) گزشتہ شب جیکب آباد ریلوے پھاٹک پر مسلح افراد نے دو دکانوں کو لوٹ لیا اور نقد رقم چھین کر فرار ہو گئے مسلح افراد نے سنتوش کماری کی دکان اور ساتھ واقع کریانہ اسٹور کو نشانہ بنایا، جہاں سے نقد رقم لوٹنے کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہونے ہو گئے واقع (باقی صفحہ 3 نمبر10)

زمین پر قبضہ کرنے والے مافیا کے خلاف سخت کارروائی کرنی چاہیے، آصف مسیح

کرسچن کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، ہمک مسیحی کمیونٹی کو قبر کشائی میں خلل ڈالنے کی کوشش کی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے مرکزی سیکرٹری فنانس آصف مسیح نے کہا ہے کہ ملک ریاض کے کارندوں نے اسلام آباد میں رومن کیتھولک کرسچن کوآپریٹو ہاؤسنگ (باقی صفحہ 3 نمبر11)

کوئٹہ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی (CSR) کمیٹی کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گیس حکام مستقل حل تلاش کرنے کے بجائے عارضی اقدامات اور روایتی یقین دہانیوں تک محدود رہتے ہیں

کوئٹہ میں گیس لوڈشیڈنگ فوری طور پر ختم کر کے بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے، جے یو آئی

گیس کی بندش کے باعث گھریلو صارفین کو کھانا پکانے سمیت روزمرہ کے امور خانہ داری میں شدید مشکلات کا سامنا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، سیٹھ اجمل بازئی، میر حشمت لہڑی، مفتی رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، سالار مولانا علی جان، مولانا سید سعد اللہ آغا اور مولانا نقیب اللہ ملاخیل نے کوئٹہ میں جاری گیس لوڈشیڈنگ پر شدید تشویش کا اظہار کرتے (باقی صفحہ 3 نمبر12)

ڈپٹی کمشنر لورالائی کی زیر صدارت انٹیلیجنس کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس

متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر مربوط اور موثر اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی زیر صدارت ضلعی انٹیلیجنس کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع کی مجموعی امن و امان، سکیورٹی صورتحال، حساس مقامات کی نگرانی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے باہمی رابطہ کار کو تفصیلی طور پر زیر غور لایا گیا اجلاس میں متعلقہ قانون نافذ کرنے والے اداروں اور سکیور (باقی صفحہ 3 نمبر13)

ڈپٹی کمشنر ساتھ ڈیرہ بگٹی کا میر چاکر خان رند یونیورسٹی کے میر غلام قادر بگٹی سب کیمپس کا دورہ

ساتھ ڈیرہ بگٹی اسوئی (خ ن) ڈپٹی کمشنر ساتھ ڈیرہ بگٹی زوہیب الحق نے سوئی میں زیر تعمیر میر چاکر خان رند یونیورسٹی کے میر غلام قادر بگٹی سب کیمپس کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے جاری تعمیراتی کام کی رفتار، معیار اور پیش رفت کا جائزہ لیا۔ دورے کے موقع پر ڈپٹی کمشنر کو سائٹ پر منصوبے کے نقشہ جات اور تعمیراتی پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ انہوں نے زیر تعمیر عمارت کے مختلف حصوں کا معائنہ کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 نمبر13)

جامعہ تربت، اسپرنگ 2027 کے داخلوں کی آخری تاریخ میں 16 اکتوبر تک توسیع

تربت (خ ن) جامعہ تربت نے تعلیمی سال 2027 کے اسپرنگ سیشن میں مختلف انڈر گریجویٹ اور گریجویٹ پروگراموں میں داخلہ لینے کے لئے آن لائن درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ میں 16 اکتوبر 2026 تک توسیع کا اعلان کیا ہے۔ جامعہ تربت کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق خواہشمند امیدوار 64 سے زائد تعلیمی پروگرا (باقی صفحہ 3 نمبر14)

طویل المدتی اقتصادی شراکت داری کے نئے مواقع پیدا کر سکتی ہے، عبدالقادر

وزیراعظم شہباز شریف کا لندن اسٹاک ایکسچینج کے تجارتی سیشن کا افتتاح اہم پیشرفت ہے

براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور پیداواری شعبوں کی ترقی بھی ہونی چاہیے

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کا لندن اسٹاک ایکسچینج کے تجارتی سیشن کا افتتاح اور پاکستان کے تین ارب ڈالر کے دو حصوں پر مشتمل خودمختار یورو بانڈز کی تقریب میں شرکت اہم معاشی سفارتی پیشرفت ہے۔ شہباز شریف یہ اعزاز حاصل کرنے والے پہلے پاکستانی وزیراعظم (باقی صفحہ 3 نمبر15)

پی ایم اے مستونگ کی مرکزی ہڑتال کی حمایت ضلع بھر میں او پی ڈی سروسز بند

مستونگ (آن لائن) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) مستونگ نے مرکزی پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کی جانب سے 30 ستمبر کو ملک بھر میں سرکاری و نجی طبی مراکز کی او پی ڈی سروسز بند رکھنے کی ہڑتال کی مکمل حمایت کرتے ہوئے مستونگ میں بھی احتجاجاً او پی ڈی (باقی صفحہ 3 نمبر16)

عبدالکبیر زرکون کی وفد کے ہمراہ برٹش ڈپٹی ہائی کمشنر سے ملاقات

صوبے کے نوجوانوں کے روشن مستقبل کے لیے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی کے مینجنگ ڈائریکٹر عبدالکبیر زرکون کی وفد کے ہمراہ برٹش ڈپٹی ہائی کمشنر Allison Blackburne کے ساتھ ایک اہم اور خوشگوار ملاقات ہوئی۔ اس ملاقات کے دوران بلوچستان میں فنی و پیشہ ورانہ تعلیم (TVET) کے شعبے میں ان کی شاندار خدمات کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا گیا اور صوبے میں اس شعبے کو مزید فروغ دینے کے لیے باہمی تعاون کو بڑھانے اور مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ گفتگو کے دوران بلوچستان میں فنی تربیت کی بہتری اور نوجوانوں کو ہنرمند بنانے کے حوالے سے برٹش کو (باقی صفحہ 3 نمبر17)

ہزارہ قوم کو یکجہتی، بیداری اور قومی حقوق کے حصول کیلئے مزید جدوجہد کرنا ہوگی، ایچ ڈی پی

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں دنیا بھر میں آباد ہزارہ قوم کو یکم اکتوبر یوم عالمی یکجہتی ہزارہ قوم کے موقع پر پیغام میں کہا گیا کہ ہزارہ قوم کو یکجہتی، بیداری اور قومی حقوق کے حصول کیلئے مزید جدوجہد کرنا ہوگی تاکہ قومی، مذہبی، نسلی و لسانی (باقی صفحہ 3 نمبر18)

کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں